حکومت پاکستان

وزارت مذہبی امور و بین المذاہب ہم آہنگی

نظامت حج بیت الحجاج سلطان اباد کراچی

ٹینڈر نوٹس

نظامت حج بیت الحجاج کراچی کو حج سیزن 2023 کے لیے درج ذیل اشیاء کی فراہمی اور خدمات کے لیے اچھی شہرت کی حامل رجسٹرڈ فرموں /پارٹیوں سے سربمہر ٹینڈر مطلوب ہیں۔ ٹینڈر مورخہ 2023-04-12 بروز **بدھ** کو دن 11:00 بجے تک وصول کیے جائیں گے اور اسی دن 12 بجے ٹینڈر دہندگان یا ان کے نمائندگان کی موجودگی میں کھولے جائیں گے۔

نمبر شمار	فہرست
1	**دکانیں:** (دکان نمبر 1 تا دکان 9 برائے متفرق اشیاء جیسا کے احرام، عبایا، بیگ وغیرہ برائے حجاج کرام۔ دکان نمبر 9 فوٹو اسٹیٹ کے لئے مختص ہے
2	**کینٹین:** برائے فراہمی اشیاء خورد و نوش مثلاً چائے، کولڈ رنک، کھانا، وغیرہ۔
3	**شامیانہ:** ڈیکوریشن آئٹمز کی فراہمی جیسا کے قناتیں، ترپال، فوم بمعہ کور کرسیاں، میز، پانی کی ٹینکی، قالین، چادریں، پنکھے، کراکری، جنریٹر، کراکری، پبلک ایڈریس سسٹم مکمل بمعہ بیٹری، کاؤنٹر ٹیبل اور راونڈ ٹیبل بمعہ کور، ماہانہ اور یومیہ بنیاد پر کرائے کے ریٹ مطلوب ہیں

شرائط:

1: تمام ٹینڈر دہندگان کو مطلوبہ ٹھیکے کے حصول کے لئے دکان 1،2،3،4 کیلئے زرضمانت ایک لاکھ روپے اور بقیہ دکانوں 5.6.7.8.9 کیلئے 20 ہزار کا پے آرڈر (قابلِ واپسی) بنام وزارت مذہبی امور و بین المذاہب ہم آہنگی جمع کرانا ہو گا بصورت دیگر ٹینڈر قبول نہ ہو گا

2: کینٹین کیلئے 20 ہزار اور ڈیکوریشن آئٹمز کیلئے 50 ہزار روپے کے زرضمانت کے پے آرڈر / بینک ڈرافٹ (قابلِ واپسی) جمع کرانا ہونگے۔

3: کامیاب بولی دہندگان کرائے کی پیشکش کی کل رقم (کرایہ) دکان کا قبضہ حاصل کرنے سے پہلے پے آرڈر / بینک ڈرافٹ کی شکل میں اکاؤنٹ برانچ میں جمع کرانے کے پابند ہونگے۔

4: ٹینڈر دہندہ ایک وقت میں ایک ہی ٹینڈر اور ایک ہی کمپنی کے نام سے دیگا۔ بصورت دیگر ٹینڈر مسترد کر دیا جائے گا۔

5: کامیاب ٹینڈر دہندگان کو حکومتِ پاکستان کے مروجہ قوانین کے مطابق ٹیکسز ادا کرنے ہونگے، بجلی کا بل بضمہ کنٹریکٹر ہو گا۔

6: مجاز اتھارٹی کو یہ اختیار حاصل ہو گا کہ وہ ٹینڈر کو منظور کرنے سے قبل کسی بھی وقت ایک یا تمام ٹینڈرز کو مسترد یا منسوخ کر سکتی ہے، ٹینڈر منسوخ یا مسترد کرنے کی وجوہات سے ٹینڈر دہندہ کو آگاہ کیا جائے گا۔ ٹینڈر کی منسوخی کیلئے اپیل نہیں کی جا سکتی۔

7: دکانوں پر پاکستان اور سعودی قوانین کے تحت ممنوع اشیاء رکھنے اور فروخت کرنے پر پابندی ہو گی۔

8: بولی دہندہ ٹینڈر فارم کے ساتھ دو عدد تازہ تصاویر اور شناختی کارڈ کی کاپی منسلک کرنے کا پابند ہو گا۔

9: ٹینڈر فارم اور شرائط دفتر ہذا سے دفتری اوقات میں ٹینڈر فارم فیس مبلغ 500 روپے اکاؤنٹس برانچ میں ادا کر کے حاصل کئے جا سکتے ہیں۔

ڈائریکٹر

ڈائریکٹوریٹ آف حج کراچی

02135688307